21-10-2024 Monday URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے یوم یادگارِ شہیداں کے موقع پر مہلوک پولیس ملازمین کے خاندانوں کے لئے نظر ثانی شدہ ایکس گریشیا پیکیج دینا کا اعلان کیا ہے۔

۲۔ شہری ہوابازی کے مرکزی وزیر نے کہا ہے کہ حکومت پروازوں کی آمدورفت کو متاثر کرنے والے جھوٹی فون کالس سے نمٹنے کے لئے سلامتی اور دیکھ بھال کے نظام کو ٹھوس طریقہ سے نافذ کرنے کے اقدامات کررہی ہے۔

۳۔ تلنگانہ کے نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے جی ایچ ایم سی حدود میں برقی کی ایمرجنسی صورتحال سے نمٹنے کے لئے خصوصی گاڑیوں کو جھنڈی دکھائی۔

اور

۴۔ مرکزی وزیر منسکھ مانڈویا نے نئی دہلی میں غیر منظّم ملازمین کے لئے ای شرم پورٹل جاری کیا۔

☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ ریاستی پولیس فورس ملک بھر میں قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کے لئے ایک مثال بن گئی ہے۔ وزیراعلیٰ نے آج پولیس کے یوم یادگارِ شہیداں کے موقع پر حیدرآباد کے گوشہ محل میں واقع میموریل شیوکمار لال اسٹیڈیم پر شہیدوں کو بھرپور خراج پیش کیا۔ اِس پروگرام کے دوران ریونت ریڈی نے کسی بھی ریاست کی ترقی میں امن وسلامتی کے اہم کردار کو اجاگر کیا اور کہا کہ ایسے مقامات پر جہاں نظم و ضبط کی صورتحال بہتر نہ ہوتی ہو، سرمایہ کاری کو راغب نہیں کیا جاسکتا۔ سی ایم کے مطابق تلنگانہ پولیس نے اپنے عزم وحوصلہ کے ساتھ یہاں تک کے اپنی جانوں کو خطرہ میں ڈالتے ہوئے امن وسلامتی کی برقراری کے لئے ہر ممکن اقدامات کئے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت شہید پولیس عہدیداروں کے خاندانوں کی مدد کے لئے پرعزم ہے۔ ریونت ریڈی نے اس موقع پر کے ایس ویاس، پردیسی نائیڈو، اومیش چندرا اور کرشنا پرساد جیسے پولیس آفیسرس کو یاد کیا، جو اپنی قربانیوں کے ذریعہ امن وسلامتی کے علمبردار بنے۔ سی ایم نے پولیس پر زور دیا کہ سماجی تبدیلیوں بالخصوص سائبر جرائم کے تعلق سے چوکس رہیں، انہوں نے اس موقع پر یہ بات بھی یاد دلائی کہ مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے سائبر جرائم کے خلاف جدوجہد کے لئے تلنگانہ پولیس کی کاوشوں کی ستائش کی ہے۔ ریونت ریڈی نے اِس بات کا یقین دلایا کہ ان کی حکومت نشہ کی لعنت پر قابو پانے کے لئے نارکوٹکس بیورو کی بھرپور مدد کرے گی۔ انہوں نے بتایا کہ 50 ایکر اراضی پر عالمی معیار کے مطابق ایک ینگ انڈیا پولیس اسکول قائم کرنے کا منصوبہ ہے، تاکہ اسپورٹس کے بشمول ہر طرح کی تعلیم دی جاسکے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ملازمت کے دوران فوت ہونے والے عہدیداروں کے خاندانوں کو ادا کئے جانے والے معاوضہ کی رقم میں اضافہ کیا جارہا ہے۔ سی ایم نے بعدازاں ضلع رنگاریڈی میں گنڈی پیٹ کے قریب منچیر وولا کے مقام پر ینگ انڈیا پولیس اسکول کی عمارت کی سنگ بنیاد رکھا۔

☆☆☆

سپریم کورٹ نے رواں گروپ ا اصل امتحانات پر روک لگانے سے انکار کردیا۔ یہ امتحانات تلنگانہ پبلک سروس کمیشن کی جانب سے منعقد کئے جارہے ہیں، تاکہ مختلف سرکاری محکموں میں گریڈ ا کی 563 جائیدادوں کو پُر کیا جاسکے۔ عدالت نے ریمارک کیا کہ روک لگانے سے متعلق کسی بھی

طرح کی ہدایت سے غیر یقینی صورتحال پیدا ہوسکتی ہے۔ چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ اور جسٹس جے بی پاڑ دی والا اور منوج مشرا پر مشتمل ایک بنچ نے اس معاملہ کی سماعت کی۔ سینئر وکیل کپل سبل ایک درخواست گذار کی جانب سے حاضر ہوئے اور امتحانات کے تعلق سے عبوری التوأ جاری کرنے کی اپیل کی۔ سبل نے اپنی درخواست میں کہا کہ ریاست میں پہلی مرتبہ منعقد کئے جانے والے ان امتحانات میں شرکت سے کئی امیدواروں کو محروم ہونا پڑسکتا ہے۔ پولیس کے مندوبست کے دوران ان امتحانات کا 2 بجے دوپہر سے آغاز ہوا جو 27 اکتوبر تک جاری رہیں گے۔ اصل امتحانات کے لئے جملہ 31 ہزار 383 امیدوار کوالیفائی ہوئے ہیں۔

☆☆☆

تلنگانہ کے تمام اضلاع میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف مقامات پر بوندا باندی کے ساتھ بجلیاں چمکنے اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مرکز نے آج اپنی یومیہ رپورٹ میں کہا کہ ریاست میں کہیں کہیں آئندہ تین دن کے دوران ہلکی تا اوسط بارش یا بوندا باندی ہوسکتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اضلاع کاماریڈی اور منچریال میں بعض مقامات پر شدید بارش ہوئی۔

☆☆☆

کمشنر پولیس سی وی آنند نے ہفتہ کو سکندرآباد بند کے دوران پولیس کی جانب سے طاقت کا استعمال کئے جانے کی وجوہات ظاہر کرنے کے لئے مختلف ویڈیوز جاری کئے ہیں۔ پولیس کمشنر نے ایکس پر 3 ویڈیوز پوسٹ کئے جن سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ احتجاجی پولیس کو نشانہ بنا رہے ہیں۔ اپنی وضاحت میں کمشنر نے کہا کہ چونکہ جارحانہ ہجوم ایک عبادت گاہ کے مقام کی طرف بڑھنے کی کوشش کر رہا تھا، لہٰذا پولیس کے پاس لاٹھی چارج کے علاوہ کوئی اور راستہ نہیں تھا۔ انہوں نے بتایا کہ متیالماں مندر کے پاس حملہ میں 15 ملازمین پولیس زخمی ہوگئے۔

☆☆☆

شہری ہوابازی کے مرکزی وزیر رام موہن نائیڈو نے کہا ہے کہ حکومت، جھوٹے فون کالس سے ٹھوس طریقہ سے نمٹنے کے لئے سیکوریٹی اور نگرانی کے عمل میں اضافہ کرنے کے لئے اقدامات کر رہی ہے، جیسا کہ اس سے پروازوں پر اثر پڑ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت مختلف حصہ داروں سے مشاورت کر رہی ہے، جبکہ شہری ہوابازی کی وزارت، جھوٹے فون کالس کے خلاف قانونی کارروائی پر غور کر رہی ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ حکومت کے لئے مسافرین کی حفاظت اعلیٰ ترجیح ہے۔ نئی دہلی میں آج ایک میڈیا کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شہری ہوابازی کے قانون 1982ء میں ترمیم کے لئے حکومت منصوبہ سازی کر رہی ہے۔ جس کے تحت جھوٹے فون کالس کو قابل جرم تصور کیا جائے گا۔ وزیر نے اڑان اسکیم کے 8 سال کی تکمیل کے تعلق سے کہا کہ حکومت اس اسکیم کو اگلے 10 برسوں تک برقرار رکھنے کی خواہاں ہیں اور مزید 50 ایرپورٹس شروع کرنے کا منصوبہ ہے۔

☆☆☆

تلنگانہ کے نائب وزیر اعلیٰ ملوبھٹی وکرامارکہ نے آج ٹی جی ایس پی ڈی سی ایل کی خصوصی گاڑیوں کو جھنڈی دکھائی جنہیں جی ایچ ایم سی حدود میں ایمرجنسی برقی صورتحال کے لئے استعمال میں لایا جائے گا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ان خصوصی گاڑیوں سے عوام کو ایمبولنس کی طرح بہتر برقی خدمات حاصل ہوں گی۔ ملک بھر میں یہ اپنی نوعیت کا پہلا قدم ہے۔ نائب وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ اس وقت حیدرآباد میں 57 سب ڈویژن ہیں اور ہر سب ڈویژن کے لئے ایک گاڑی مختص کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ برقی سربراہی میں خلل پڑنے کی صورت میں صارفین ٹال فری نمبر 1912 پر

کال کرسکتے ہیں، جس پر متعلقہ عملہ فوری ان کی شکایت کا ازالہ کرے گا۔

☆☆☆

اس موقع پر ریونت ریڈی نے دوران ملازمت فوت ہونے والے پولیس عہدیداروں کے خاندانوں کے لئے نظر ثانی شدہ ایکس گریشیاء پیکیج کا اعلان کیا۔ نئے پیکیج کے مطابق کسی آئی پی ایس یا ایس پی کے رینک کے آفیسر کے خاندان کو دو کروڑ روپے ملیں گے جبکہ ڈی ایس پی اور ایڈیشنل ایس پی کے خاندان کو ڈیڑھ کروڑ روپے ملیں گے۔ اسی طرح اسٹیشن ہاؤس آفیسر اور سب انسپکٹر کے خاندانوں کو 1.25 کروڑ، جبکہ ہیڈ کانسٹیبل اور کانسٹیبل کے خاندانوں کو بطور معاوضہ ایک کروڑ روپے دیا جائے گا۔

☆☆☆

عظیم تر بلدیہ حیدرآباد (جی ایچ ایم سی) کے کمشنر المبرتی نے آج متعلقہ محکموں سے کہا ہے کہ شہر حیدرآباد میں غیر قانونی تعمیرات پر خصوصی توجہ دیں۔ انہوں نے بلدیہ کے لیگل آفیسرس سے بھی کہا کہ عدالت میں زیر دوراں تمام مقدمات کا جائزہ لیا جائے۔ ان کے مطابق پیدائش اور اموات کے سرٹیفکیٹس کے علاوہ محکمہ صحت سے متعلق دیگر معاملات کا بھی باقاعدگی کے ساتھ جائزہ لیا جانا چاہئے۔ جی ایچ ایم سی کے ہیڈ آفس میں منعقد پرجا وانی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر نے شہریوں کو ان کے مسائل حل کرنے کا یقین دلایا اور کہا کہ متعلقہ عہدیداروں کو چاہئے کہ عوام کے مسائل کو حل کرنے کے لئے خصوصی اقدامات کئے جائیں۔

☆☆☆

بی جے پی ریاستی یونٹ نے ریاستی گورنر جشنو دیو ورما سے مطالبہ کیا ہے کہ ممبئی سے تعلق رکھنے والے اسپیکر منور زماں کے معاملہ کو قومی تحقیقاتی ایجنسی کے حوالہ کرنے کے لئے ریاستی حکومت کو ہدایت دی جائے۔ بی جے پی کے ارکانِ پارلیمنٹ رگھونندر راؤ، ایٹلا راجندر اور ویشویشور ریڈی پر مشتمل ایک وفد نے آج راج بھون پہنچ کر گورنر کو یادداشت پیش کی۔ واضح رہے کہ اس معاملہ کے ملزم نے ایک عبادت گاہ کے مقام پر سیشن میں شرکت کی تھی جسے منور زماں نے منعقد کیا تھا۔

☆☆☆

روزگار اور محنت کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے نئی دہلی میں آج غیر منظّم ملازمین کے لئے ای شرم پورٹل جاری کیا۔ اس موقع پر انہوں نے اس پورٹل پر ملازمین کے بڑھتے بھروسہ کا اظہار کیا اور کہا کہ روزانہ تقریباً 60 سے 90 ہزار ورکرس اس پلیٹ فارم سے وابستہ ہو رہے ہیں۔ مانڈویا نے مزید کہا کہ اس پلیٹ فارم سے مختلف سماجی سلامتی اسکیمات سے استفادہ کا موقع ملے گا۔